# منصب کے امور و اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/JTMB/01 | | | |
|---|---|---|---|
| کام کرنے کی جگہ (Workplace) | پاکستان | شعبہ (Department) | جامعۃ المدینہ (Boys) |
| منصب (Designation) | نگران مجلس | جوابدہ (Report to) | رکن شوریٰ |
| کام (Function) | عاشقانِ رسول کو درسِ نظامی، تخصصات، تجوید و قراءت کورس اور مختلف علوم دینیہ کی تعلیم دلوانا | ماتحت اسٹاف (Subordinate Staff) | شعبے کے تمام ذمہ داران |

## منصب کے کام - Job Description

1. شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور رکنِ شوریٰ کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. شعبے کیلئے اہل، تجربہ کار، تنظیمی طور پر مضبوط مجلس بنانا، اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا اور انکی مؤثر رہنمائی (Guidance) کے ذریعے ان سے کام لینا نیز تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
3. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
4. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا نیز طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔
5. جامعۃ المدینہ (Boys) میں عاشقانِ رسول کو درسِ نظامی، تخصصات، تجوید و قراءت کورس اور مختلف علومِ دینیہ کی تعلیم دینے کا اہتمام کروانا۔
6. جامعۃ المدینہ (Boys) کے پلاٹس اور عمارات کے مکمل کاغذات پراپرٹی ڈیپارٹمنٹ کی معاونت سے دعوتِ اسلامی کے نام کروانا، نئے جامعات المدینہ کھولنے کی کوشش کرنا۔
7. پہلے سے جاری جامعہ دعوتِ اسلامی کے سپرد ہونے/ملنے کی صورت میں اس کے تمام انتظامات و تعلیمی معاملات طے شدہ طریقہ کار کے مطابق کرنا/کروانا۔
8. جامعۃ المدینہ (ڈے، نائٹ) میں طے شدہ جدول (Schedule) کے مطابق ہر کلاس کا تعلیمی جائزہ کروانا اور اساتذہ و طلباء کرام کی تربیت (Training) کا اہتمام کرنا/کروانا۔
9. طلباء کو دینی و دنیاوی تعلیم سے آراستہ کروانا، نمازی و عاشقِ رسول بنانے کی کوشش کروانا نیز ان کی اخلاقی تربیت کرنے کے نظام (System) کو مضبوط کرنا/کروانا۔
10. جامعۃ المدینہ کے طلباء میں جامعہ کے تعلیمی اوقات کے دوران یونیفارم کے نفاذ کو مضبوط کرنا/کروانا نیز وقتاً فوقتاً جامعات المدینہ کا جائزہ (Overview) کرنا/کروانا۔
11. جامعۃ المدینہ میں طلباء کے رہائشی انتظامات (کھانا، صفائی ستھرائی، کیمرے، پنکھے، اے سی، ہیٹر، سولر سسٹم، یو پی ایس، جنریٹر وغیرہ) مکمل کروانا۔
12. سرپرست، اساتذہ اور طلباء کی تربیت (Training) و رہنمائی کے لیے اجتماعات کا انعقاد کروانا۔
13. فارغ التحصیل طلباء میں تقسیم اسناد کے لیے دستارِ فضیلت اور افتتاحُ واختتامِ بخاری شریف کے اجتماعات کا انعقاد کروانا اوران میں سرپرست اور شخصیات کی شرکت کروانا۔
14. جامعۃ المدینہ کے تحت (Under) جملہ ذیلی شعبہ جات (Sub-Departments) کے انتظامات و معاملات مکمل کرنا/کروانا۔
15. شعبے کے جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ کرنا نیز اس کا شرعی و تنظیمی رہنمائی اور مشاورت کیساتھ نفاذ (Implement) کرنا/کروانا۔
16. تنظیمی معلومات سے اپڈیٹ رہنا اور شعبے کے ایس او پیز (SOP's)، جاب ڈسکرپشنز (JD's) کا مطالعہ کرنا نیز کے پی آئیز (KPI's) سمجھنا/سمجھانا۔
17. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/کروانا۔
18. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کروانا۔
19. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت (Timely) رپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا/کروانا۔
20. شعبے میں شرعی رہنمائی کے لیے مقرر ذمہ دار کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** بیچلرز (16 سالہ)
- **دینی تعلیم:-** درس نظامی (دینی تعلیم میں تخصص اور دنیاوی تعلیم میں ایم فل .M.Phil کئے کو ترجیح دی جائے گی)
- **تجربہ:-** متعلقہ شعبے میں کم از کم 4 سے 5 سال کا تجربہ/اسی نوعیت کے کسی اور شعبے میں اتنے سال کا تجربہ ہو۔
- Team-building, Problem-solving, Crisis Management, People Management, Verbal Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Leadership Conceptual Skills, Decision-making, Long-term Planning, Conflict resolution

## اپنی دنیا و آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درج ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، دار الافتاء اہلسنت، فیضانِ مدینہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیفات اور اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیہ) کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔